سبق–10

جاڑا

جاڑا دھُوم مچاتا آیا
کپڑے گرم پنھاتا آیا
کیسی ہَوا ہے فرَفر فرَفر
کانپتے ہیں سب تھرَتھر تھرَتھر
چھُپ جاتا ہے سوُرج جَلدی
لگتی ہے اِس کو بھی سَردی

© NCERT not to be republished

ہا ہا ہا ہا، ہی ہی ہی ہی
ہؤ ہؤ ہؤ ہؤ، سی سی سی سی
ہائے ری سردی، ہائے ری سردی
سارے بدن میں برف سی بھر دی

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

پنھانا : پہنانا

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. گرم کپڑے کس موسم میں پہنتے ہیں؟
2. جاڑا کس طرح آیا ہے؟
3. جاڑے میں ہوا کیسے چلتی ہے؟
4. سُورج جَلدی کیوں چُھپ جاتا ہے؟
5. سارے بدن میں برف بھرنے کا کیا مطلب ہے؟

© NCERT not to be republished

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

سورج   برف   دھوم   سردی   ہوا

1. جاڑا ________ مچاتا آیا
2. کیسی ________ ہے فَرفَرفَر
3. چُھپ جاتا ہے ________ جَلدی
4. لگتی ہے اس کو بھی ________
5. سارے بدن میں ________ سی بھردی

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1. ج ا ڑ ا = ...
2. س و ر ج = ...
3. ک پ ڑ ے = ...
4. ل گ ت ی = ...
5. س ر د ی = ...

© NCERT not to be republished

مثال دیکھ کر حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

مثال	=	ہَوا	کی	فَرفَر

الف	ب
	ٹِک ٹِک
	ٹَن ٹَن
	جَھم جَھم
	چَھم چَھم
	چُھک چُھک
	ڈَھم ڈَھم

© NCERT not to be republished

تصویر میں دکھائی گئی چیزیں کس موسم میں استعمال ہوتی ہیں؟ نام لکھیے۔



© NCERT
not to be republished

نظم کی مدد سے حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے

الف	ب
جاڑا دھوُم	سورج جَلدی
چُھپ جاتا ہے	ہی ہی ہی ہی
سارے بدن میں	مچاتا آیا
ہا ہا ہا ہا	تھَر تھَر تھَر تھر
کانپتے ہیں سب	برف سی بھر دی

سوچیے اور بتائیے۔

1. دھوپ ہمیں کس موسم میں اچھّی لگتی ہے؟
2. سردی سے بچنے کے لیے آپ کیا کرتے ہیں؟
3. آپ کو کون سا موسم پسند ہے اور کیوں؟
4. جاڑے کے علاوہ اور کون کون سے موسم ہیں؟

بعد میں آنے والے موسم لکھیے۔

1. گرمی کے بعد ______
2. برسات کے بعد ______
3. سردی کے بعد ______

خوش خط لکھیے۔

سردی	______	______	______	______	______
برف	______	______	______	______	______
بدن	______	______	______	______	______
سورج	______	______	______	______	______
جاڑا	______	______	______	______	______

اس نظم کو یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished